سوال نمبر 723: منجانب: جناب محترمہ ثوبیہ شاہد صاحبہ، رُکن صوبائی اسمبلی

	سوال	جواب
	کیا وزیر آبنوشی ارشاد فرمائیں گے کہ	
(ا)	آیا یہ درست ہے کہ ضلع پشاور میں پینے کا پانی آلودہ ہونے کی وجہ سے مختلف اقسام کی بیماریاں پھیل رہی ہیں؟	پبلک ہیلتھ انجینیئرنگ ڈیپارٹمنٹ اس وقت پشاور کے مختلف دیہی علاقوں میں واٹر سپلائی سکیمز کے ذریعے لوگوں کو صاف پانی فراہم کر رہے ہیں اور تا حال کسی بھی علاقے سے پانی کے آلودہ ہونے کی نشاندہی نہیں ہوئی ہے۔ تاہم اس سلسلے میں ان سکیموں کے پانی کے نمونے باقاعدگی سے ٹیسٹ کیے جاتے ہیں اور جہاں کہیں بھی کوئی مضر صحت علامت سامنے آئے، تو فوراً تدارک کے لئے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ یاد رہے کہ محکمہ پبلک ہیلتھ انجینیئرنگ ضلع پشاور کے مختلف دیہی علاقوں کے 48 یونین کونسل میں کام کر رہا ہے۔ جبکہ باقی یونین کونسل دوسرے محکمہ جات مثلاً WSSP, PDA, CANTONAMENT BOARD کے زیر انتظام ہیں۔
(ب)	اگر الف کا جواب اثبات میں ہو تو آیا حکومت ہر یونین کونسل کی سطح پر واٹر فیلٹریشن پلانٹ لگانے کا ارادہ رکھتی ہے تفصیل فراہم کی جائے۔	اس سلسلے میں گزارش ہے کہ "Clean Dinking Water for All" پراجیکٹ کے تحت محکمہ لوکل گورنمنٹ نے پشاور میں Water Filteration Plant لگانے کا کام شروع کیا ہے اور ابھی تک 46 پلانٹ لگ چکے ہیں۔ متعلقہ محکمہ اس سلسلے میں مزید معلومات فراہم کر سکتا ہے۔